# غیر معمولی عمومی اجلاس کی اطلاع

اطلاع دی جاتی ہے کہ ایم سی بی اِنویسٹمنٹ مینجمنٹ لمیٹڈ کے غیر معمولی عمومی اجلاس (ای او جی ایم) کا انعقاد بروز جمعہ، مؤرخہ 06 فروری 2026ء، بوقت صبح 11:30 بجے، بمقام رمادا کریک، ذوالفقار اسٹریٹ 1، ڈی ایچ اے فیز VIII، کراچی - پاکستان، اورساتھ ساتھ الیکٹرانِک ذریعے / ویڈیو لنک سہولت سے ہوگا، اوراس میں مندرجہ ذیل معاملات زیرِ غور لائے جائیں گے:

1. گزشتہ سالانہ عمومی اجلاس منعقدہ 28 اکتوبر 2025ء کے منِٹس کی تصدیق

2. کمپنی کے سات (7) ڈائریکٹرز کا انتخاب، جیسا کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159(1) کے مطابق مقرر کیا ہے، تین سال کی مدّت کے لیے، جس کا آغاز 07 فروری 2026ء سے ہوگا۔

ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام مندرجہ ذیل ہیں:

1. جناب ہارون رشید؛
2. جناب منظر مشتاق؛
3. جناب احمد جہانگیر؛
4. جناب محمد نعمان چغتائی؛
5. جناب فہد کمال چنوائے؛
6. محترمہ ماوراء عادل خان؛ اور
7. جناب سیّد ساویل میکال حُسین

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 166(3) کے تحت اہم حقائق کا بیان اطلاع سے ملحق ہے۔

3. چیئر کی اجازت سے کوئی اور معاملہ زیرِ غور لانا

بحکم بورڈ

14 جنوری 2026ء

کراچی

محمد ریحان خان

کمپنی سیکریٹری

## اہم اطلاعات

### 1. ظاہری حاضری یا ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے شرکت

کمپنی اس 'ای او جی ایم' کو کم سے کم ظاہری میل جول کے ساتھ لیکن کم سے کم مطلوبہ حاضری ( کورَم ) کے تقاضوں کو پورا کرتے ہوئے منعقد کرنا چاہتی ہے، اورارکان سے گزارش ہے کہ 'ای او جی ایم' میں پراکسیوں کے ذریعے اپنی حاضری اورووٹنگ کو یکجا کریں۔

جواَرکان اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک سہولت شرکت کرنا چاہتے ہیں اُن سے گزارش کی جاتی ہے کہ اپنا نام،فولیونمبر/ پارٹسپنٹ کا شناختی نمبر، موبائل فون نمبر اورسی این آئی سی / پاسپورٹ نمبر، بمع کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ ( سی این آئی سی ) کی دونوں جانب کی درست کاپی کے ساتھ eogm@mcbfunds.com پرای میل کردیں بمع سبجیکٹ Registration for MCBFUNDS EOGM۔

ویڈیو لنک اورلاگ اِن کی تفصیلات صرف اُن اَرکان کوفراہم کی جائیں گی جن کی ای میل بمع تمام مطلوبہ کوائف 'ای او جی ایم' کے وقت سے کم ازکم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل موصول ہو جائیں گی۔

ارکان اے جی ایم کے ایجنڈا میں شامل اُمور کے بارے میں اپنی رائے اوراپنے سوالات بھی eogm@mcbfunds.com پرای میل کرسکتے ہیں۔

| نام رُکن | سی این آئی سی نمبر/ پاسپورٹ نمبر | فولیو/ سی ڈی ایس نمبر | موبائل فون نمبر | ای میل ایڈریس |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| | | | | |

لاگ اِن کی سہولت اجلاس شروع ہونے سے تیس منٹ قبل فراہم کی جائے گی اور شرکاء شناخت کا عمل مکمل ہونے کے بعد اجلاس میں شامل ہوسکیں گے۔
ارکان شناخت اورتصدیق کی تمام مطلوبہ رسمی کارروائیاں مکمل ہونے کے بعد اپنے آلات کے ذریعے 'ای او جی ایم' میں لاگ اِن ہو کر شرکت کرسکیں گے،اور اَرکان کی اس بات کے لیے حوصلہ افزائی کی جائے گی کہ 'ای او جی ایم' میں شامل ہوکر پراکسیوں کے ذریعے اپنی حاضری اورووٹنگ کو یکجا کریں۔

### 2. بُک بند ہونے کی اطلاع

کمپنی کی حصص کی منتقلی کی (شیئر ٹرانسفر) بُکس بروز جمعہ، 30 جنوری 2026ء سے اگلے جمعہ، 06 فروری 2026ء تک (بشمول دونوں دِن) بند رہیں گی۔ حصص کی منتقلی کے جو آرڈر ہمارے شیئر رجسٹرار M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤز، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مرکزی شاہراہِ فیصل، کراچی -74400 تک بروز جمعرات، 29 جنوری 2026ء کو اوقاتِ کار (شام 5:00 بجے) کے اختتام تک موصول ہو جائیں گے وہ شیئر ہولڈرز کے اجلاس میں شریک ہونے اورووٹ کرنے کے استحقاق کے تعیّن کے لیے بروقت شمار ہوں گے۔

### 3. پراکسی کی تقرری اور 'ای او جی ایم' میں شرکت

جس رُکن کو 'ای او جی ایم' میں شرکت، اظہارِ خیال اورووٹ کرنے کا حق ہے اُسے کسی اورشخص کو اپنا پراکسی مقرر کرنے کا بھی حق حاصل ہے جو اُس کی جانب سے شرکت، اظہارِ خیال اورووٹ کرے گا۔ پراکسی کے لیے کمپنی کا رُکن ہونا ضروری نہیں ہے۔ پراکسی کو پول یعنی رائے دہی کا مطالبہ کرنے، مطالبے میں شامل ہونے، اوررائے دہی میں ووٹ کرنے کا حق ہے۔

پراکسی کی تقرری والی دستاویز کے ساتھ پاور آف اٹارنی یاکوئی اوراختیاری دستاویز جس کے تحت اس پر دستخط ہوئے ہیں، حسبِ حال، یا مذکورہ دستاویزات کی نوٹری سے تصدیق شدہ کاپی، اجلاس کے وقت سے کم ازکم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں جمع کرائی جانی چاہیے۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں پراکسی فارم کے ساتھ بورڈ آف ڈائریکٹرز ریزولیشن / پاور آف اٹارنی اورنمونہ دستخط جمع کرائی جائے (اگر پہلے نہ کرائی گئی ہو تو)۔ پراکسی فارم انگریزی اوراُردو زبان میں منسلک ہے۔

کاغذی شیئرز اورسینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی سی) کے پاس جمع کرائے گئے شیئرز کے استفادی مالکان اور/یا ان کے پراکسیوں کو اجلاس میں شرکت کے وقت شناخت کے عمل کے لیے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) یا پاسپورٹ دکھانا ہوگا۔

ارکان سے گزارش کی جاتی ہے کہ اپنی تفصیلات بمع نام، فولیو/ سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر، ای میل ایڈریس اور رابطہ نمبر کمپنی کے شیئر رجسٹرار M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مرکزی شاہراہِ فیصل، کراچی -74400، کے پاس درج کرادیں۔

### 4. ڈاک کے ذریعے ووٹ / ای - ووٹنگ

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018 کے مطابق، ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے، اگر خود کو منتخب کرانے کے لیے پیش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (1)159 کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہو تو ارکان کو ڈاک کے ذریعے ووٹ کرنے یا ای - ووٹنگ کا حق استعمال کرنے کی اجازت دی جائے گی، اور اس ضمن میں مذکورہ قوانین میں بیان کردہ طریقے اور شرائط کی تعمیل کی جائے گی۔

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء کے مطابق، کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 143 اور 144 کے تقاضوں سے مشروط ایجنڈا اُمور کے مقصد کے لیے، ارکان کو ڈاک کے ذریعے ووٹ کرنے یا ای - ووٹنگ کا حق استعمال کرنے کی اجازت دی جائے گی، اور اس ضمن میں مذکورہ قوانین میں بیان کردہ طریقے اور شرائط کی تعمیل کی جائے گی۔

### 5. ویڈیو- کانفرنس سہولت

جو ارکان کُل اداشدہ کیپٹل کے 10 (دس) فیصد کے حامل ہیں اور کسی اور شہر میں مقیم ہیں، وہ اگر اُی او جی ایم میں بذریعہ ویڈیو- کانفرنس شرکت کرنے کا مطالبہ کریں، اور یہ مطالبہ تحریری طور پر اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن قبل کمپنی میں جمع کرائیں، تو کمپنی یہ سہولت فراہم کرے گی۔

**ویڈیو- کانفرنس سہولت کے لیے رضامندی**

میں/ہم، ______________، **ایم سی بی انویسٹمنٹ مینجمنٹ لمیٹڈ** کے رُکن کی حیثیت سے، حامل عمومی شیئر (ز) بمطابق رجسٹر فولیو/ سی ڈی سی پارٹسپنٹ اور ذیلی اکاؤنٹ/ انویسٹر اکاؤنٹ نمبر ______________، بذریعہ ہذا غیر معمولی عمومی اجلاس منعقدہ 06 فروری 2026ء، یا اس کے اِلتواء شدہ اجلاس میں، بذریعہ ویڈیو- کانفرنس سہولت بمقام ________ (شہر کا نام) شرکت کرنے کا انتخاب کر رہا ہوں/ رہی ہوں/ رہے ہیں۔

تاریخ: ______________ دستخط رُکن: ______________

### 6. دُرست سی این آئی سی کاپیاں جمع کرانے کی اطلاع (لازمی)

جن ارکان نے تا حال اپنے تصدیق شدہ سی این آئی سی کی کاپیاں جمع نہیں کرائی ہیں اُن سے گزارش ہے کہ جلد از جلد مذکورہ بمع فولیو نمبر براہِ راست کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس جمع کرادیں۔

### 7. ارکان کے پتے میں تبدیلی

ارکان سے گزارش ہے کہ اگر ان کے پتے میں کوئی تبدیلی ہو تو فوری طور پر شیئر رجسٹرار M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو مُطلع کریں۔

### 8. کاغذی شیئرز کی بُک- اینٹری شکل میں تبدیلی

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 اور ایس ای سی پی کے لیٹر نمبر CSD/ED/Misc./2016-639-640 مؤرخہ 26 مارچ 2021ء کی تعمیل میں لِسٹڈ کمپنیوں کو اُن کے جاری کردہ موجودہ کاغذی شیئرز کو بُک- اینٹری شکل میں تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ چنانچہ کمپنی کے جن شیئر ہولڈرز کے پاس کاغذی فولیوز/ شیئر سرٹیفکیٹس ہیں اُن سے گزارش ہے کہ جلد از جلد اپنے شیئرز کو کاغذی شکل سے بُک- اینٹری شکل میں تبدیل کرالیں۔

کاغذی شیئرز کو بُک-اینٹری شکل میں تبدیل کرانے سے شیئر ہولڈرز کو متعدد فوائد حاصل ہوں گے، مثلاً شیئرز کی محفوظ تحویل، شیئرز کی فوری خرید وفروخت کے لیے بآسانی میسّر مارکیٹ، نقصان اور ضیاع کے خطرے کا خاتمہ، اور کاغذی شیئرز کے مقابلے میں آسان اور محفوظ منتقلی جس میں کم رسمی کارروائیاں درکار ہوتی ہیں۔ کمپنی کے شیئر ہولڈرز کاغذی شیئرز کو بُک-اینٹری شکل میں تبدیل کرانے کے لیے کمپنی کے شیئر رجسٹرار [یعنی M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ] سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

### 9. 'ای او جی ایم' کی اطلاع کی تشہیر

'ای او جی ایم' کی اطلاع اُن شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ای میل روانہ کی جا چکی ہے جن کے ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس موجود ہیں، اور دیگر شیئر ہولڈرز جن کے ای میل ایڈریس دستیاب نہیں ہیں اُن کو اطلاع کی پرنٹ شدہ کاپی ڈاک کے ذریعے اُن کے رجسٹرڈ پتے پر روانہ کی جا چکی ہے۔

### 10. شیئر ہولڈرز کو تحفے دینے کی ممانعت

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 185 اور ایس ای سی پی کی طرف سے جاری کردہ ایس آر او 2025/(I)452 مؤرخہ 17 مارچ 2025ء کی تعمیل میں بذریعہ ہٰذا مطّلع کیا جاتا ہے کہ غیر معمولی عمومی اجلاس میں شیئر ہولڈرز کو کسی بھی قسم کے تحائف کسی بھی شکل میں نہیں دیے جائیں گے۔

### 11. اسکروٹینائزر کی تقرری

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء کے ریگولیشن 11 کے مطابق بورڈ آف ڈائریکٹرز نے M/s یو ایچ وائے حسن نعیم اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو، جو کیو سی آر درجہ بندی کی حامل آڈٹ فرم ہے، اجلاس میں زیرِ غور لائے جانے والے معاملات کے لیے کمپنی کی اسکروٹینائزر (جانچ پڑتال کنندہ) مقرر کیا ہے۔ اسکروٹینائزر مذکورہ ریگولیشنز کی ریگولیشن 11A کے تحت متعین کردہ دیگر ذمہ داریاں بھی انجام دے گی۔

ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے ارکان کو الیکٹرانک ذریعے اور ڈاک کے ذریعے ووٹنگ کا حق استعمال کرنے کی اجازت دی جائے گی۔ اگر انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159 کے تحت مقرر کردہ تعداد سے زیادہ ہو تو انتخاب کا عمل ریگولیشنز میں بیان کردہ طریقوں کے مطابق انجام دیا جائے گا۔

### 12. ڈائریکٹرز کا انتخاب

جو شخص ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے مسابقت کرنا چاہتا ہے، خواہ وہ ریٹائر ہونے والا ڈائریکٹر ہو یا کوئی اور، وہ اجلاس سے کم از کم چودہ (14) دن پہلے کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)159 کے تحت (ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے کا) اپنا ارادہ کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں جمع کرائے گا، بمع:

(i) ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی، جس کے لیے کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (1)167 کے تحت فارم 9 کے ضمیمے کو پُر کرنا اور اس پر دستخط کرنا ہوگا؛

(ii) لِسٹڈ کمپنیوں کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی اہلیت اور ڈائریکٹرز کی ذمہ داریوں اور ان کے اختیارات سے واقفیت کا بیان، جو کمپنیز ایکٹ 2017ء، کمپنی کے میمورینڈم اور آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، پاکستان اسٹاک ایکسچینج لمیٹڈ کی رُول بُک، اور لِسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس) ریگولیشنز 2019ء اور دیگر متعلقہ قوانین وضوابط کے تحت ہوگا؛

(iii) این بی ایف سی اینڈ نوٹیفائیڈ اینٹیٹیز ریگولیشنز 2008ء کے شیڈول IX (فِٹ اینڈ پراپر کرائٹیریا) کے ضمیمہ A کا پُر فارم، پُر شدہ، اور حلف نامہ بمطابق ضمیمہ B

(iv) ڈائریکٹر کی آزاد حیثیت (خودمختاری) کا بیان، بحوالہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کا سیکشن (2)166، جو لِسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورنینس) ریگولیشنز 2019ء کے تحت مطلوب ہے، (جس کا اطلاق صرف اُس شخص پر ہوگا جو کمپنی کے آزاد ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی جمع کرا رہا ہو)؛

(v) تفصیلی پروفائل بمع دفتر کا پتہ، جو کمپنی کی ویب سائٹ پر رکھا جائے گا، بمطابق ایس آر او 2019/(I)1196 بتاریخ 03 اکتوبر 2019ء؛

(vi) دیگر ڈائریکٹرشپ اور عہدے جن پر کام کر رہا ہے؛

(vii) پاکستانی شہری کے سی این آئی سی، جس کی میعاد باقی ہو، کی کاپی، اور غیر مُلکی شہری کی پاسپورٹ کی کاپی، اور این ٹی این؛ اور

(viii) فولیو نمبر / سی ڈی سی اِنویسٹرز اکاؤنٹ نمبر / سی ڈی سی ذیلی اکاؤنٹ نمبر (اُس شخص کے لیے جو پہلی مرتبہ رضامندی جمع کرا رہا ہو)۔

13. **تفصیلات برائے رابطہ**

اپنے سوالات یا مسائل، یا معلومات کے لیے رابطہ کریں:

کارپوریٹ ڈپارٹمنٹ: فون نمبر: 111-468-378 (111-INVEST) (ایکسٹینشن 207، 275 اور 125 )

اور ای میل ایڈریس: corporate.affairs@mcbfunds.com

یا M/s سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، شیئر رجسٹرار: فون نمبر: 0800-23275

اور ای میل ایڈریس: info@cdcsrsl.com

## کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)166 کے تحت بیان

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)166 کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لیے منعقد کیے جانے والے عمومی اجلاس کی اطلاع کے ساتھ ایک ضمیمہ: 'اہم حقائق کا بیان' ملحق کیا جانا چاہیے جس میں آزاد ڈائریکٹر منتخب کرنے کا جواز بیان کیا جائے۔

لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019ء اور نان-بینکنگ فائنانس کمپنیز (اسٹیبلشمنٹ اینڈ ریگولیشن) رولز 2003ء کے تحت کمپنی کے بورڈ میں کم از کم تین آزاد ڈائریکٹرز ہونے چاہئیں۔ اس کے مطابق کمپنیز ایکٹ 2017ء اور کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کے حوالے سے مطلوبہ تعداد میں آزاد ڈائریکٹرز بھی بذریعہ انتخابی عمل منتخب کیے جائیں گے۔

جہاں تک آزاد ڈائریکٹرز منتخب کرنے کے جواز کا معاملہ ہے، تو آزاد ڈائریکٹر کے لیے نامزد افراد لسٹڈ کمپنی اور نان-بینکنگ فائنانس کمپنی کے ڈائریکٹر منتخب ہونے کے اہل ہونے چاہئیں، اور کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (2)166 اور کمپنیز (مینر اینڈ سلیکشن آف انڈپینڈنٹ ڈائریکٹرز) ریگولیشنز 2018ء میں بیان کردہ معیارات پر پورے اُترنے چاہئیں۔

سیّد ساویل میکال حُسین، جو آزاد ڈائریکٹر ہیں، 06 فروری 2026ء کو اپنی تیسری میعاد مکمل کر لیں گے، اور چنانچہ آزاد ڈائریکٹرز کے زمرے میں انتخاب کے لیے اہل نہیں ہیں۔

ڈائریکٹرز کا مذکورہ بالا معاملے سے کوئی مفاد وابستہ نہیں ہے سوائے اس کے کہ کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر دوبارہ منتخب ہونے کے اہل ہو جائیں۔